FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

اس سوال نامے میں 17 سوالات ہیں اور 16 صفحے ہیں۔

Code No. 44/S/A/U

یہاں رول نمبر ہندسوں میں لکھئے۔ | | | | | | | | | | | | |

# URDU

# (اُردو)

# (206)

رول نمبر الفاظ میں لکھئے ..........

امتحان کی تاریخ اور دن ..........

نگراں امتحاں کے دستخط 1. ..........

2. ..........

1. طالب علم اپنے سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔
2. مہربانی کر کے اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اُتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کریں کہ سوالات سیریز میں ہیں۔
3. طالب علم کو A, B, C اور D میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں صحیح جواب لکھیں۔
4. معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں، معروضی سوالات کے لے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔
5. طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کردیا جائے گا۔
6. اپنی جوابی کاپی پر سوال نامے کے کوڈ نمبر 44/S/A/U کو لکھیے۔



www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice


# URDU

# (اُردو)

## (206)

وقت : 3 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل مارکس : 100

س نمبر 1. درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے؟ 08

گھر کی تعمیر تصور ہی میں ہوسکتی ہے
اپنے نقشے کے مطابق یہ زمیں کچھ کم ہے
بچھڑے لوگوں سے ملاقات کبھی پھر ہوگی
دل میں امید تو کافی ہے یقین کچھ کم ہے

یا

مہندی لگائے سورج جب شام کی دولہن کو
سرخی لئے سنہری ہر پھول کی قبا ہو
راتوں کو چلنے والے رہ جائیں تھک کے جس دم
اُمید ان کی میرا ٹوٹا ہوا دیا ہو



www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice


س نمبر 2. کسی ایک اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھیے خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھیے۔ 06

ارے بی بی ماں نے بھرا ٹوکرا اُس پر ہی اُلٹ دیا۔ اور ایک زبان میں ہزار ہزار باتیں سُنا ڈالیں۔ کہے تھے ''مہینوں مرڈوا گھر سے نہیں نکلا اور اُس کی جورو‌ا اُسے چھوڑ کر میکے جا بیٹھی'' وہ کھلکھلا کر ہنس پڑی۔ کیسی جھنکار تھی اُس کی ہنسی اب سمجھ میں آیا یہ سندرتا یہ لب و لہجا اور کیریکٹر تمہیں ماں سے ورثے میں ملا ہے۔ اُس نے کچھ شرما کر کچھ دکھ سے کہا۔ ''ارے بی بی یہ سندرتا تو میرے لیے بلا ہوگئی ہے۔ بھگوان نے بدصورت بنایا ہوتا تو مجھے اتنے دُکھ نہ جھیلنے پڑتے۔ اب تم ہی بتاؤ بی بی میں ٹھہری کام کرنے والی عورت پورے دس گھروں میں کام کرنا پڑے ہے بی بی جی۔ اب کیا ہر گھر سے مردوؤں کو نکالا دلوا دوں؟ مگر وہ جو ہے تمہارا جمعدار اس کم بخت کا منہ ہی سیدھا نہ ہوئے میری تنخواہ کے آدھے پیسے دارو شراب میں اُڑا دے ہے۔ پوچھو دس جنوں کا خرچہ کیسے پورا کروں، مگر اسے کیا مطلب۔''

یا

ابھی وہ بیس سال ہی کے تھے کہ باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ سید احمد کے والد قلعہ سے متعلق تھے۔ اُن کے انتقال کے بعد وہاں سے ملنے والی رقم کا سلسلہ ختم ہوگیا۔ انہوں نے دہلی کے صدر امین مولوی خلیل اللہ خاں کی نگرانی میں عدالت کا کام سیکھنا شروع کردیا۔ اور بہت تھوڑے عرصہ میں ایسی قدرت حاصل کر لی کہ انہیں صدر امین کے دفتر میں ملازمت مل گئی۔ انہوں نے اپنی لیاقت اور کام کی لگن کا ایسا سکہ جمایا کہ بمشکل سال سوا سال میں وہ آگرہ ڈویژن کے کمشنر رابرٹ ہیملٹن کے دفتر میں نائب میر منشی بنا دیئے گئے۔

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

س نمبر3. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔ 06

اسلام عرب میں رونما ہوکر ایشیا اور افریقہ کے مختلف حصوں میں پھیل چکا تھا۔ ہندوستان سے عربوں کا تعلق قدیم تھا۔ لیکن اِس میں تہذیبی لین دین برائے نام ہوا تھا۔ اصل تعلقات دسویں صدی کے آخر میں شروع ہوئے۔ جب مسلمان بڑی تعداد میں ہندوستان آئے۔ اسلام سامیوں میں پیدا ہوا تھا لیکن بہت جلد ایران، ترکستان اور وسط ایشیا میں پہنچ گیا۔ جہاں قدیم آریائی نسل کے لوگ آباد تھے۔ مسلمان کئی صدیوں تک ایران میں رہ کر وہاں کی تہذیبی زندگی میں ڈوب کر ہندوستان آئے۔ ایرانی مسلمانوں کی زندگی میں سامیت اور ایرانیت کی آمیزش ہوگئی تھی۔ مسلمان آریوں کی طرح یہاں آ کر آباد ہوگئے اور ان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں میں ہندوستانیت نمایاں ہوگئی۔ عرب سے ان کا صرف روحانی تعلق باقی رہ گیا۔ وہ ہندوستانی زندگی میں پوری طرح شریک ہوگئے۔

(1) اسلام عرب کے علاوہ الگ الگ کن حصوں میں پھیل چکا تھا؟

(2) ہندوستان، عرب کے تعلقات کس صدی میں قائم ہوئے؟

(3) ایرانی مسلمانوں میں کن کن قوموں کی آمیزش پیدا ہوگئی تھی؟

(4) کیا مسلمان ہندوستان آ کر آباد ہوگئے تھے؟

(5) ہندوستانیت کس قوم کی زندگی میں نمایاں ہوگئی تھی؟

(6) مسلمانوں کا عرب سے کون سا تعلق قائم رہ گیا تھا؟



www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

سوال نمبر 4. مرثیہ کی تعریف لکھئے اور مثال کے طور پر دو اشعار لکھئے۔ 06

یا

نظم کی تعریف لکھ کر 2 اشعار مثال کے طور پر لکھئے۔

سوال نمبر 5. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ 10

(1) مہاتما گاندھی

(2) فٹ بال میچ

(3) چاندنی رات کا منظر

(4) لال قلعہ

(5) یوم آزادی

سوال نمبر 6. اپنے والد کے نام خط لکھ کر کالج اور ہوسٹل کی فیس منگوائیے 06

یا

بجلی گھر کے عہدہ دار کو درخواست لکھ کر علاقے کی بار بار بجلی فیل ہوجانے کی شکایت کیجئے۔

سوال نمبر 7. شہریار کی شاعرانہ خصوصیات پر ایک پیراگراف لکھئے۔ 06

یا

پریم چند کی طرز تحریر پر روشنی ڈالیے۔



www.FirstRanker.com

س نمبر8. نیچے لکھے سوالات میں سے کسی دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ 04

(1) ماس میڈیا کی ہماری زندگی میں کیا اہمیت ہے؟

(2) تمثیل کسے کہتے ہیں؟

(3) مول لے رہا ہے اور مول چکاتا کے معنی لکھیے۔

(4) درخواست کے کیا معنی ہیں؟

س نمبر9. مندرجہ ذیل جملوں کو دیے گئے لفظوں کی مدد سے مکمل کیجیے۔ 04

(1) درباروں سے اردو کا رشتہ .......... ہے

(معنی خیز، اثر دار)

(2) اردو محض زبان نہیں ایک .......... ہے

(طرز، زندگی، طرز رہائش)

(3) اردو میں اخذ و قبول کا .......... ہے۔

(ملکہ، قدرت)

(4) اردو صدیوں کے آپسی .......... سے وجود میں آئی۔

(میل جول، تال میل، میل ملاپ)

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

س نمبر **10.** رباعی کی تعریف لکھئے۔ 04

یا

مندرجہ ذیل محاورات کے معنی لکھئے۔

(1) خون کے آنسو رونا

(2) گھٹی میں پڑا ہونا

(3) آنکھ کا تارا ہونا

(4) پگڑی اتارنا

س نمبر **11.** موش (Mouse) کیا کام کرتا ہے؟ 02

س نمبر **12.** عید کے دن امینہ کیوں رو رہی تھی؟ 02

س نمبر **13.** درج ذیل عبارت کا خلاصہ ایک تہائی الفاظ میں کیجئے۔ 06

مولانا (حالی) بہت ہی رقیق القلب تھے دوسرے کی تکلیف کو دیکھ کر بے چین ہوجاتے تھے اور جہاں تک اختیار میں ہوتا اُس کے رفع کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ حاجت مندوں کی حاجت روا کرنے میں بڑی فراخدلی سے کام لیتے تھے باوجودیکہ ان کی آمدنی خلیل تھی لیکن اپنے پرائے خصوصاً مصیبت زدہ لوگوں کے ساتھ سلوک کرتے رہتے تھے۔ سفارشیں کرکے لوگوں کے کام نکالتے تھے۔ اس میں چھوٹے بڑے کی کوئی تخصیص نہ تھی۔ بامروت ایسے تھے کہ انکارنہیں کرسکتے تھے۔ اس خلیل آمدنی پر بھی حاجت مند ان کے ہاں سے محروم نہیں جاتے۔



www.FirstRanker.com

س نمبر **14.** دیئے گئے سوالوں کے ایک لفظ میں جواب لکھیں۔ (2 نثر، ایک نظم) 03

(1) ایک ''آرزو'' کس شاعر کی نظم ہے؟

(2) خبر کس زبان کا لفظ ہے؟

(3) مسٹنڈا بیٹھ کر کھاوے ہے پھول رانی نے کس کے لئے کہا؟

س نمبر **15.** دیئے گئے سوالوں کے ایک لفظ میں جواب لکھئے۔ 03

(1) ''بھارت ماتا'' نظم کس شاعر نے لکھی ہے؟

(2) ''چارپائی'' کس مصنف کا انشائیہ ہے؟

(3) ''بصری پیکر'' کسے کہتے ہیں؟

firstranker.com

س نمبر **16.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھئے؟ 04

(1) مشترکہ تہذیب کی بنیاد کس زبان نے رکھی؟

(2) ''تہذیب الاخلاق'' نام کا رسالہ کس نے جاری کیا؟

(3) تختۂ کلید (Key Board) پر کتنے بٹن ہوتے ہیں؟

(4) زمانے کتنے ہوتے ہیں؟

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

س نمبر17. ذیل میں ہر ایک سوال کے چار جواب دیئے گئے ہیں۔ اُن میں سے دُرست جواب تلاش کر کے صحیح کا نشان لگایئے۔ 20

(1) جب محبت کی بنیاد ایک اتفاق اور غلط فہمی پر قائم ہو تو وہ ..........

الف - ہمیشہ قائم رہتی ہے۔

ب - محبت ہوتی ہی نہیں

ج - جلد ختم ہوجاتی ہے۔

د - محبت نفرت میں بدل جاتی ہے۔

(2) مصنفہ صالحہ عابد حسین لکھتی ہیں ..........

الف - غزلیں

ب - نظمیں

ج - کہانیاں

د - مرثیہ

(3) کبیرداس مندرجہ ذیل میں سے کس صوفی کے شاگرد تھے؟

الف - کمال داس

ب - شیخ پیرتقی

ج - گورکھ ناتھ

د - نیرو جولاہا



www.FirstRanker.com

(4) افسانہ بیان کرنے والا اپنی محبوبہ سے کیوں ناراض تھا؟

الف - وہ دیر سے آئی تھی

ب - وہ وقت سے پہلے آگئی تھی

ج - وہ کسی کے ہمراہ آئی تھی

د - وہ آئی ہی نہیں تھی

(5) سر سید احمد کیا انگریزی تعلیم کے ..........

الف - مخالف تھے

ب - حمایتی تھے

ج - نہیں چاہتے تھے

د - کچھ کچھ چاہتے تھے۔

(6) کون سا پہلو شاعر نے نظم ''قبر'' میں کیا ہے؟

الف - منظر نگاری

ب - طنز

ج - خوش حالی

د - انتظامیہ

(7) اردو رسم خط میں حروف میں کل کتنی تعداد ہوتی ہے؟

الف - 36 عدد

ب - 37 عدد

ج - 34 عدد

د - 40 عدد

(8) کمپیوٹر کے مختلف احکامات کو آسانی سے صادر کرنے میں کیا کام آتا ہے؟

الف - لوح مادری (Mother Board)

ب - طشت مقناطیسی (hoppy)

ج - موش (Mouse)

د - اباکس (Abakas)

(9) ''رتی بھر بھی بُرا نہیں لگ رہا'' کے کیا معنی ہیں؟

الف - ذرا بھی بُرا نہ لگنا

ب - بہت بُرا لگنا

ج - ذرا ذرا سا بُرا لگنا

د - تھوڑا بُرا لگنا

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

(10) زمین کا متضاد کیا ہے؟

الف - آسمان　　ب - پہاڑ

ج - دریا　　د - جنگل

(11) ''چودہ طبق'' روشن ہونا کا کیا مطلب ہے؟

الف - آسمان و زمین روشن ہونا

ب - حقیقت کا کھل جانا

ج - چودھویں کے چاند کی طرح روشن ہونا

د - آسمان پر ستارہ چمکنا

(12) ڈرامہ کے اجزائے ترکیبی میں شامل ہے

الف - پلاٹ

ب - مکالمہ

ج - مطلع

د - شعر



www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

(13) بھارت میں رنگین نشریات کب شروع ہوئی؟

الف - 1984

ب - 1982

ج - 1986

د - 1988

(14) ہنسلی کہاں پہنی جاتی ہے؟

الف - کان میں

ب - ناک میں

ج - گلے میں

د - پیر میں

(15) میر انیس میؔر کی شاعری کی زبان کیسی ہے؟

الف - مشکل ہے

ب - رنگین ہے

ج - آسان اور عام فہم

د - بیباقیہ



www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

(16) محاورہ ایک لڑی میں پیرو دینا کا کیا مطلب ہے؟

الف - ایک دھاگہ میں پیرو دینا

ب - ایک جگہ اکٹھا کر دینا

ج - ایک لائن میں کر دینا

د - ایک ساتھ ساتھ کر دینا

(17) فراق گورکھ پوری کے یہاں ''محبت'' لفظ سے کیا مراد ہے؟

الف - حیاتِ انسانی کا ارتقا

ب - عشق

ج - پیار

د - نفرت

(18) مکالمہ کسے کہتے ہیں؟

الف - ایسی بات چیت جس سے عمل اور ردعمل بھی ظاہر ہو۔

ب - ماں باپ کی ڈانٹ ہو۔

ج - جس میں ہنسنے ہنسانے کی بات ہو۔

د - ایسی بات جس میں تکرار ہو۔



www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

(19) بوڑھے کا سر کس کی طرح چمک رہا تھا؟

الف - سونے کی طرح

ب - تانبے کی طرح

ج - سورج کی طرح

د - چاند کی طرح

(20) جو بات خلاف معمول، انوکھی اور حیرت میں ڈالنے والی ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟

الف - کہانی

ب - خبر

ج - ڈرامہ

د - غزل

---



www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

کچے کام کے لیے جگہ

firstranker.com



www.FirstRanker.com